106489 ـ جدید آلات کے ساتھ چاند دیکھنے میں کوئی حرج نہیں

سوال

کیا صرف آنکھ کے ساتھ چاند دیکھنا ضروری ہے یا کہ اس کے لیے ہم جدید آلات دوربین وغیرہ استعمال کر سکتے ہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

شرعی دلائل کے ظاہر سے تو یہی ملتا ہے کہ لوگوں کو ان آلات کے ساتھ دیکھنے کا مکلف نہ بنایا جائے، بلکہ صرف آنکھ کے ساتھ ہی چاند دیکھنا ہی کافی ہے.

لیکن جو شخص ان آلات کے ساتھ دیکھتا ہے اور یقین کر لیتا ہے کہ اس نے ان آلات کے ساتھ چاند غروب آفتاب کے بعد دیکھا ہے اور وہ شخص مسلمان اور عادل ہو تو میرے علم کے مطابق اس کی رؤیت پر عمل کرنے میں کوئی مانع نہیں.

کیونکہ یہ رؤیت آنکھ کے ساتھ ہے نہ کہ فلکی حساب سے " انتہی

فضيلة الشيخ عبد العزيز بن باز رحمہ اللہ .

مجموع فتاوی و مقالات متنوعة (15 / 67 ـ 68).